# اسماء القرآن کے متعلق مختلف اہل علم کے آراء کا تحقیقی جائزہ

# A researched analysis of the views of different scholars about the Names of Quran

**Sahib Ahmad**
*Ph.D. Scholar Department of Islamic studies*
*Qurtaba University of Science and Information Technology Peshawar*
*Email: sahibahmad1978@gmail.com*
**Dr. Gul Zada Sherpaw**
*Assistant Professor Department of Islamic Studies Qurtaba University*
*University of Science and Information Technology Peshawar*

## Abstract

The Quran is the last revelation of Allah (SWT).Before this He has revealed The Torah, THE Zaboor (The Book of Psalms)and the Hundred Suhuf for the guidance of creatures. But one of the many other distinctive qualities of this book over other is that it has got many names. This abundance of the names of the book advocates sublimity. Allama Abdul-Maiali Azizi Bin Abdul –Malik-Al-Shafi and Allama Zar kashi hold the view that there are fifty five names of the Quran.
Imam Fakhruddin Al-Razi says that they are thirty two in numbers. However, Allama Aaloosi(RA)is of the view that actually the Quran has got only two names, the other names are "attributive names".
According the Ibn-e-Attiya and Allama Zarqani (RA) the inherint names of the Quran are five. One of them is the "Al Quran" which means 'to read' or 'to recite'.
As this book is the most recited or read one therefor it is best known as Al Quran. The second name, according to these scholars is Al-Furqan. Al-Furqan means "the Criterion of right and wrong". As this holy book clearly sets the criterion for the truth and falsehood therefore it is called Al-Furqan.
The third name is Al-Kitab, Which means "Written One" or a "Letter". As the book is in written form therefor it is called Al-Kitab. Similarly, the forth name is Al-Zikar. Zikar means 'reminder' since this venerable book reminds the humanity it's past and future therefore it is called Al-Zikar. The last name is "Al-Tanzeel" which means a revealed one. Since it has been revealed in several different phases therefore it is dubbed as "Al-Tanzeel".

**Key words:** The names of Quran (Asmaul-Quran), Al-Quran,Al-Furqan (The Criterion) Al-kitab,Al-zikar(The Riminder),Al-Tanzeel

قرآن کریم اللہ رب العزۃ کی آخری نازل کردہ کتاب ہے۔اس سے پہلے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی ہدایت کے لیے توراۃ، انجیل، زبور اور سو صحیفے نازل کیے ہیں۔ لیکن اس آخری کتاب کو دیگر فضائل کے علاوہ یہ فضیلت بھی حاصل ہے کہ اس کتاب کے ایک سے زیادہ نام ہیں۔ اور ناموں کی یہ زیادتی اس کتاب کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے۔

قرآن کریم کے ناموں کے بارے میں علامہ ابو المعالی عزیزی بن عبد الملک الشافعی معروف بشیذلہ[1] متوفیٰ ۴۹۴ھ نے اپنی کتاب "البرہان فی مشکلات القرآن" میں لکھا ہے کہ قرآن کریم کے پچپن (55) نام ہیں[2]۔

اسی طرح علامہ زرکشیؒ[3] متوفیٰ 794ھ نے اپنی کتاب "البرہان فی علوم القرآن" میں شیذلہ کے حوالے سے یہ پچپن نام پورے تفصیل سے ذکر کیے ہیں۔[4]

ان پچپن (۵۵) ناموں کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) الكتٰب:۔ حمٓ ۔ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ۔[5]

(۲) الْقُرْآن :۔ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ۔[6]

(۳) اَلْكَلَامْ:۔ حَتَّى يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ۔[7]

(۴) نُوْرًا:۔ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا۔[8]

(۵) هُدًى:۔ هُدًى وَرَحْمَةً لِلْمُحْسِنِينَ۔[9]

(٦) بَلَاغًا:۔ إِنَّ فِي هَذَا لَبَلَاغًا لِقَوْمٍ عَابِدِينَ۔[10]

(۷) رَحْمَةً:۔ قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُوا۔[11]

(۸) فُرْقَان:۔ تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ۔[12]

(۹) شِفَاءً:۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ۔[13]

(۱۰) مَوْعِظَةً:۔ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ۔[14]

(۱۱) اَلذِّكْرْ:۔ وَهَذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ أَنْزَلْنَاهُ۔[15]

(۱۲) كَرِيْمًا :۔ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ۔[16]

(۱۳) عَلِيًّا :۔ وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ۔[17]

(۱۴) حِكْمَةٌ:۔ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ۔[18]

(۱۵) حَكِيْمًا :۔ الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ۔[19]

(١٦) مُهَيْمِنْ:۔ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ۔[20]

(۱۷) مُبَارَكًا:۔ كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ۔[21]

(۱۸) حَبْلٌ:۔ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا۔[22]

(۱۹) الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْم :۔ وَأَنَّ هَذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا۔[23]

(۲۰) الْقَيِّمُ :۔ وَلَمْ يَجْعَلْ لَهُ عِوَجًا (1) قَيِّمًا۔[24]

(۲۱) الْفَصْلُ :۔ إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ (13) وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ۔[25]

(۲۲) نَبَا عَظِيْم :۔ عَمَّ يَتَسَاءَلُونَ (1) عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ۔[26]

(۲۳) اَحْسَنَ الْحَدِيْث :۔ اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ۔[27]

(۲۴) تَنْزِیْل :۔ وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔[28]

(۲۵) رُوْحًا:۔ وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي۔[29]

(۲۶) وَحْيًا :۔ إِنَّمَا أُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ۔[30]

(۲۷) اَلْمَثَانِی:۔ وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ۔[31]

(۲۸) عَرَبِيًّا :۔ إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ۔[32]

(۲۹) قَوْلًا :۔ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ۔[33]

(۳۰) بَصَائِرُ :۔ هَذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ۔[34]

(۳۱) بَيَانًا :۔ هَذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ۔[35]

(۳۲) عِلْمًا :۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَمَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ۔[36]

(۳۳) حَقًّا:۔ إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ وَمَا مِنْ إِلَهٍ إِلَّا اللَّهُ۔[37]

(۳۴) اَلْهَادِیْ :۔ إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِينَ۔[38]

(۳۵) عَجَبًا :۔ قُرْآنًا عَجَبًا ۔ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ۔[39]

(۳۶) تَذْكِرَةٌ :۔ كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ۔[40]

(۳۷) اَلْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى:۔ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ۔[41]

(۳۸) مُتَشَابِهًا :۔ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ۔[42]

(۳۹) صِدْقًا :۔ وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُولَئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ۔[43]

(۴۰) عَدْلًا :۔ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ۔[44]

(۴۱) اِيْمَانًا :۔ سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا۔[45]

(۴۲) اَمْرًا:۔ ذَلِكَ أَمْرُ اللَّهِ أَنْزَلَهُ إِلَيْكُمْ۔[46]

(۴۳) بُشْرٰى:۔لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ۔[47]

(۴۴) مَجِيْدٌ :۔ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ۔[48]

(۴۵) زَبُوْرٌ :۔ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ۔[49]

(۴۶) مُبِيْنًا :۔ الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ۔[50]

(۴۷) بَشِيْرًا :۔ بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ۔[51]

(۴۸) نَذِيْرًا:۔ بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ۔[52]

(۴۹) عَزِيْزًا :۔ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ۔[53]

(۵۰)رَحْمَة :۔ قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُوا۔[54]

(۵۱) قَصَصًا :۔ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ۔[55]

(۵۲) صُحُفٌ :۔ صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ (13) مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ۔[56]

(۵۳) مُكَرَّمَةٌ:۔ صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ (13) مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ۔ [57]

(۵۴) مَرْفُوْعَةٌ :۔ صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ (13) مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ۔ [58]

(۵۵) مُطَهَّرَةٌ:۔ صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ (13) مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ۔ [59]

لیکن امام فخر الدین رازی[60] متوفیٰ ۶۰۶ھ نے تفسیر کبیر کے مقدمے میں لکھا ہے کہ قرآن کریم کے اصلی نام بتیس (32) ہیں۔ [61]

اور امام رازیؒ کی ذکر کردہ بتیس ناموں کی تفصیل یہ ہے:

(۱) اَلْكِتَابْ:۔كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ۔[62]

(۲) اَلْقُرْآنْ: ۔شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ۔[63]

(۳) اَلْفُرْقَان:۔تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا۔[64]

(۴) اَالذّکر:۔إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ۔[65]

(۵) اَلتَّنْزِيْل:۔وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۔[66]

(٦) اَلْحَدِيْث:۔اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا۔[67]

(۷) اَلْمَوعِظَة: ۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ۔[68]

(۸) اَلْحِكْمه:۔ وَكَذَلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا۔[69]

(۹)اَلشِّفَاء: ۔وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۔[70]

(۱۰) اَلْهُدىٰ:۔هُدًى لِلْمُتَّقِينَ۔[71]

(۱۱) اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ:۔وَأَنَّ هَذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ۔[72]

(۱۲) اَلْحَبَل: ۔وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا۔[73]

(۱۳) اَلرَّحْمَة: ۔وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ۔[74]

(۱۴) اَلرُّوحُ: ۔وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا۔[75]

(۱۵) اَلْقَصَصْ: ۔نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ۔[76]

(١٦) اَلْبَيَان:۔هَذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ۔[77]

(۱۷) اَلْبَصَائر:۔هَذَا بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ۔[78]

(۱۸) اَلْفَصَل:۔إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ۔وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ۔[79]

(۱۹) اَلنُّجُوم:(فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ۔[80]

(۲۰)اَلْمَثَانِیْ:۔كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ۔[81]

(۲۱) اَلنِّعْمَةَ:۔وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۔[82]

(۲۲) اَلْبُرهَان:۔قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِنْ رَبِّكُمْ۔[83]

(۲۳) اَلْبَشِيْرٌوَّنَذِيْرٌ:۔ بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ۔[84]

(۲۴) اَلْقَیِّم:۔قَیِّمًا لِیُنْذِرَ بَأْسًا شَدِیدًا مِنْ لَدُنْهُ۔[85]

(۲۵) اَلْمُهَیْمن:۔وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ۔[86]

(۲٦) اَلْهَادِی:۔إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ۔[87]

(۲۷) اَلنُّوْر:۔وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ۔[88]

(۲۸) اَلْحَق:۔وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ۔[89]

(۲۹) اَلْعَزِیْزُ:۔وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ۔[90]

(۳۰)اَلْکَرِیمُ:۔إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ۔[91]

(۳۱) اَلْعَظِیمُ:۔وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ۔[92]

(۳۲) اَلْمُبَارَک:۔وَهَذَا ذِكْرٌ مُبَارَكٌ أَنْزَلْنَاهُ۔[93]

علامہ آلوسی[94] متوفیٰ(1270ھ)نے تفسیر روح المعانی کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ اصل میں قرآن کریم کے اصلی نام صرف اور صرف دو ہیں۔ایک القرآن اور دوسرا الفرقان اور باقی جو نام مختلف اہل علم نے ذکر کیے ہیں وہ دراصل قرآن کریم کے صفات ہیں۔اس وجہ سے کسی نے کم اور کسی نے زیادہ ذکر کیے ہیں اور ان دوناموں میں بھی زیادہ مشہور القرآن ہے۔[95]

امام المفسرین محمد بن جریر الطبریؒ متوفی310ھ نے لکھا ہے کہ:

اِنَّ اللہ سَمّٰی تَنْزِیْلَہٗ اَلذِیْ اَنزلَہٗ عَلٰی نَبیہِ محمدٍ اَسمَاءً اَرْبَعَۃً مِنْھُنَّ اَلْقُرْآنْ وَمِنْھُنَّ اَلفُرْقَانْ وَمِنْھُنَّ الْکِتَابْ وَمِنْھُنَّ الذِّکْرْ۔[96]

"اللہ تعالیٰ نے اپنی نازل کردہ کتاب کو چار نام دیے ہیں۔ان میں سے ایک نام القرآن ہے،دوسرا نام الفرقان،تیسرا الکتاب اور چوتھا الذکر ہے"۔

ابن جریر الطبری کے ان چار ناموں پر علامہ زُرقانی نے التنزیل کے پانچویں نام کا اضافہ کیا ہے اور کہا ہے کہ قرآن کے یہی پانچ نام ہیں۔[97]

ذیل کے سطور میں ان پانچ ناموں کا مختصر تعارف کیا جارہا ہے۔

## (۱) القرآن:

القرآن کا تذکرہ قرآن کریم کے ستاسٹھ(67) آیات میں ہوا ہے۔

۱- اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ وَ لَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا -[98]

۲- وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا-[99]

۳- اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ -[100]

**وجہ تسمیہ:**

اس نام کے وجہ تسمیہ کے بارے میں محمد بن جریر الطبری[101] متوفیٰ 310ھ نے اپنی تفسیر "ابن جریر" میں عبداللہ ابن عباسؓ[102] کا قول سنداً نقل کیا ہے کہ:

"لفظ قرآن بر وزنِ غفران مصدر کا صیغہ ہے، یہ مہموز اللام ہے۔ فُعلان کے وزن پر ہے جس کا معنی ہے پڑھنا۔ اور اسی مصدری معنیٰ میں یہ لفظ قرآن میں بھی استعمال ہوا ہے۔ سورۃ القیامۃ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:
اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ۔[103]

"بیشک ہمارے ذمے ہے اس کا جمع کرنا اور پڑھوانا"۔

رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تمہارے دِل میں قرآن، میں جمع کروں گا اور تمہارے دِل پر قرآن میں لکھوں گا اور جس طرح آپ کے دِل پر لکھا ہو، بالکل اسی طرح وہی قرآن آپ کے زبان پر جاری کروں گا۔ تو اس آیت میں قرآن بمعنی القراۃ ہے۔ مصدری معنیٰ مراد ہے اور اس کا باب قَرَأَ، يَقْرَأُ قَرْءٌ ہے اور لغت میں قَرْءٌ جمع ہونے کو بھی کہتے ہیں۔ قرآن میں بھی چونکہ حروف اور کلمات جمع ہوتے ہیں اور اس سے کلام بنتا ہے لہٰذا اِس پڑھنے اور جمع ہونے کی وجہ سے اِسے قرآن کہا جاتا ہے[104]۔ قرآن اللہ کا کتاب ہے اور اللہ ہی نے اسے یہ نام دیا ہے تاکہ لوگ اسے پڑھے۔ اس وجہ سے یہ دُنیا میں سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے میں ثواب ہے اور اس کے ایک حرف کے بدلے میں دَس نیکیاں ملتی ہیں۔ لہٰذا جو کوئی اس پر ایمان رکھتا ہے لیکن اسے نہیں پڑھتا ہے اور نہ اس کے معانی کے سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اور الماری میں رکھا ہوا ہے تو وہ اس کتاب کا حق ادا نہیں کرتا ہے اور نہ اُس نے اس نام کا تقاضا پورا کیا ہے کیونکہ اس نام کا تقاضا یہ ہے کہ اسے پڑھا جائے۔ اسی معنیٰ کو ابن جریر الطبری، زجاج نحوی[105] اور جمہور مفسرین نے ترجیح دی ہے اور یہی معنیٰ صحیح بھی ہے اور ہم بھی اسے ترجیح دیتے ہیں اور چونکہ یہی معنی ابن عباسؓ سے مروی ہے۔ اس وجہ سے یہی معنیٰ راجح ہے۔

**دوسری توجیہ:**

لفظ قرآن کے بارے میں دوسرا قول امام شافعی رحمہ اللہ[106]، ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ[107] اور مشہور نحوی عالم فرّاء نحوی[108] کا تفاسیر میں موجود ہے کہ یہ لفظ دراصل قران (بغیر ہمزہ) ہے۔ قرآن (مع الہمزہ) نہیں ہے۔ اور یہ غیر مہموز ہے اور مشتق بھی نہیں ہے کہ ہم اس کا ماخذِ اشتقاق تلاش کریں بلکہ قران بروزن فُعال ہے۔[109]

لیکن یہ راجح قول نہیں ہے بلکہ راجح قول جمہور کا ہے جو کہ ابن عباسؓ سے مروی ہے اور اکثر مفسرین نے سلفاً و خلفاً اسے ترجیح دی ہے۔

## (۲) الفرقان:

دوسرا نام الفرقان ہے اور یہ قرآن کریم کے درج ذیل تین آیات میں آیا ہے:

۱۔ تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا۔[110]

۲۔ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَ الْفُرْقَانِ۔[111]

۳۔ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ۔[112]

## وجہ تسمیہ:

اس کا وجہ تسمیہ بھی ظاہر ہے کیونکہ فُرْقَانٌ، فَرْقٌ سے ماخوذ ہے اور فَرْقٌ، جَمْعٌ کا ضد ہے۔ اَلْفَرْقُ ضِدُّ الْجَمْعِ یعنی فرق، جمع کا متضاد ہے۔ جَمْعٌ اکٹھا کرنے کو کہتے ہیں اور فَرْقٌ جدا کرنے اور علیحدہ کرنے کو کہتے ہیں۔ لہٰذا اسے فرقان اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ "هُوَ الْفَارِقُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ" یعنی قرآن معیارِ حق ہے اور یہ تمام چیزوں میں حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرتا ہے۔ یہ کتاب معروف و منکر، حلال و حرام اور نفع و نقصان کے درمیان فرق و امتیاز کے لیے نازل ہوئی ہے اور کھرے کھوٹے کو پرکھنے کی کسوٹی ہے اس لیے اس کا نام اللہ تعالیٰ نے فرقان رکھا ہے۔

## (۳) اَلذِّکْر:

قرآن کریم کا یہ نام درج ذیل آیات میں ذکر ہوا ہے:

1. إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ۔[113]
2. إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ۔[114]
3. وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ۔[115]
4. صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ۔[116]
5. وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ۔[117]

## وجہ تسمیہ:

ذکر یاددہانی، نصیحت اور یادداشت کو کہتے ہیں۔ قرآن کو بھی ذکر اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ یہ انسان کو زندگی کا مقصد یاد دلاتا ہے اور زندگی کا مقصد تو عبادت ہے۔ لہٰذا قرآن انسان کو یہی مقصد یاد دلاتا ہے۔ لہٰذا ایک آدمی جتنا زیادہ قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہو، اُتنا ہی اُسے زندگی کا یہ مقصد سامنے ہوگا اور اُسے اللہ کی عبادت یاد ہوگی کہ مجھے تو اس مقصد کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔

اسی طرح یہی قرآن اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور احسانات کی یاد دہانی کرتا ہے اور مختلف قوموں پر جو عذابیں اللہ تعالیٰ نے نازل کیے ہیں یا آخرت میں جو مختلف قسم کی عذابیں اللہ تعالیٰ نے تیار کیے ہیں، ان سب کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کرتا ہے اور جب انسان کو ثواب اور عذاب یاد ہو تو ظاہر ہے کہ وہ عبادت کرے گا اور اپنے آپ کو معصیت اور گناہ سے بچائے گا۔ لہٰذا قرآن یہی تذکیر کرتا ہے۔ اس وجہ سے قرآن کو ذکر کہا گیا ہے۔ دیگر اذکار جیسے تسبیح، تحمید اور درود وغیرہ بھی رسول اللہ ﷺ نے بتائے ہیں لیکن قرآن بھی سب سے بہترین ذکر ہے۔

## (۴) الکتاب:

یہ نام قرآن کریم کے ستتر (77) آیات میں آیا ہے۔ جن میں سے چند آیات یہ ہیں۔

1. ذَلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ۔ [118]
2. وَكَذَلِكَ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ۔ [119]
3. هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ۔ [120]
4. تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ۔ [121]

قرآن کریم میں باقی آیات جہاں پر لفظِ الکتاب آیا ہے اُن کے حوالے درج ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | البقرہ، ۲:۲۔ | ۲۔ | البقرہ، ۱۲۹:۲ |
| ۳۔ | البقرہ، ۱۵۱:۲ | ۴۔ | البقرہ، ۱۵۹:۲ |
| ۵۔ | البقرہ، ۱۷۴:۲ | ۶۔ | البقرہ، ۱۷۶:۲ |
| ۷ | البقرہ، ۱۷۷:۲ | ۸۔ | البقرہ، ۲۳۱:۲ |
| ۹۔ | آل عمران، ۲:۳ | ۱۰۔ | آل عمران، ۷:۳ |
| ۱۱۔ | آل عمران، ۴۸:۳ | ۱۲۔ | آل عمران، ۷۸:۳ |
| ۱۳۔ | آل عمران، ۱۶۴:۳ | ۱۴۔ | النساء، ۱۰۵:۴ |
| ۱۵۔ | النساء، ۱۱۳:۴ | ۱۶۔ | النساء، ۱۳۶:۴ |
| ۱۷۔ | النساء، ۱۴۰:۴ | ۱۸۔ | المائدہ، ۴۸:۵ |
| ۱۹۔ | یونس، ۱:۱۰ | ۲۰۔ | یوسف، ۱:۱۲ |

## وجہ تسمیہ:

کتاب لغت میں جمع کو کہتے ہیں۔ [122] اور اسے بھی کتاب اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب بھی سورتوں،

آیتوں، کلمات اور حروف کا مجموعہ ہے۔ اس میں حروف سے کلمات بن گئے ہیں اور کلمات سے آیات بن گئی ہیں اور آیات سے سورتیں بن گئی ہیں۔ اس وجہ سے اسے کتاب کہا جاتا ہے۔ تو اس وجہ تسمیہ کے لحاظ سے اس میں کتابت ضروری نہیں ہے۔ حروف کے مجموعے یعنی کلام مرتب کو کتاب کہا جاتا ہے۔ خواہ کاغذ پر لکھا ہوا ہو یا نہ لکھا ہو۔ دِل پر لکھا ہو تب بھی کتاب ہو گا۔ کاغذ پر لکھا ہوا ہو تب بھی کتاب ہو گا۔ لوحِ محفوظ[123] پر لکھا ہوا ہو تب بھی کتاب ہو گا۔ آسمانِ دُنیا پر ہو تب بھی کتاب ہو گا اور بیتُ العزّۃ سے آسمانِ دُنیا پر نازل ہوا ہو تب بھی کتاب ہو گا اور پھر جب کاتبوں نے رسول اللہ ﷺ کی ہدایت پر لکھا ہو تب بھی کتاب ہو گا کیونکہ کتاب صرف لکھے ہوئے کو نہیں کہتے ہیں۔ مطلق جمع کرنے کو کہتے ہیں اور جمع قلم کے ذریعے بھی کیا جا سکتا ہے اور بغیر قلم کے بھی ہو سکتا ہے کیونکہ قلبِ رسول ﷺ پر تو قلم کے ذریعے نہیں لکھا گیا تھا۔

لیکن کتاب کا مشہور معنیٰ کتابۃ ہے اور کتابۃ لکھنے کو کہتے ہیں اور یہاں کتاب بمعنیٰ مکتوب ہے لہٰذا اس دوسرے معنی کے لحاظ سے الکتاب کا وجہ تسمیہ یہ ہے کہ قرآن اگرچہ مکتوب شکل میں نازل نہیں ہوا ہے لیکن نازل ہونے سے پہلے لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا تھا اور نزول کے بعد رسول اللہ ﷺ کے کہنے پر کاتبانِ وحی نے لکھا تھا۔ لہٰذا یہی وجہ تسمیہ باعتبار مَاکَانَ بھی ہو سکتا ہے اور باعتبار مَایَکُوْنُ بھی ہو سکتا ہے۔ ایک صفت ایک چیز میں پہلے سے موجود ہو تو اُس لحاظ سے بھی اس چیز کا نام رکھا جا سکتا ہے اور ایک صفت ایک چیز میں پہلے سے موجود نہ ہو لیکن آئندہ زمانے میں وہ صفت اس چیز میں موجود ہونے کا احتمال ہو تو آئندہ صفت کی احتمال کی بنیاد پر وہ اُس چیز کا نام رکھا جا سکتا ہے۔ یہ میں نے آپ کو کتابۃ کے حوالے سے وجہ تسمیہ بیان کیا کہ باعتبار مَاکَانَ بھی اسے کتاب کہا جاتا ہے اور باعتبار مَایَکُوْنُ بھی اسے اس وجہ سے کتاب کہا جاتا ہے کہ نزول کے وقت رسول اللہ ﷺ نے کاتبانِ وحی رکھے تھے اور نزول کے ساتھ ہی وہ کاتبان اسے لکھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی زندگی ہی میں کتابتِ قرآن مکمل ہوا تھا اور یہی کتابت دورِ نبوی ﷺ میں مقبول بھی تھی۔

**<u>(۵) التنزیل:</u>**

یہ قرآن کریم کا پانچواں نام ہے اور اس کا ذکر گیارہ (11) آیات میں ہوا ہے:

1. تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔ [124]
2. تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ۔ [125]
3. تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۔ [126]

التنزیل کا لفظ باقی جن آیات میں آیا ہے، اُن آیات کے حوالے درج ذیل ہیں۔

۱۔ الاسراء، ۱۷:۱۰۶ ۲۔ طٰہٰ، ۲۰:۴

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۔ | الشعراء، ۱۹۲:۲۶ | ۴۔ | یٰسین، ۵:۳۶ |
| ۵۔ | فصلت، ۲:۴۱ | ۶۔ | فصلت، ۴۲:۴۱ |
| ۷۔ | الجاثیہ، ۲:۴۵ | ۸۔ | الاحقاف، ۲:۴۸ |

**وجہ تسمیہ:**

اس نام کی وجہ تسمیہ تو ظاہر ہے کہ یہ کتاب کسی مصنف کی تصنیف نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب ہے اوراللہ تعالیٰ نے اس کتاب کو مختلف مراحل میں نازل کیا ہے اور جس طرح اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات سے اعلیٰ وافضل ہیں بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ کا کلام بھی تمام مخلوقات کی کلاموں سے افضل واعلیٰ ہے۔

## حواشی

[1] ان کا پورا نام ابو المعالی عزیزی بن عبد الملک ابن منصور الجیلی ہے۔400ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ابو سعد اسماعیل بن علی تمیمی، شیخ الاسلام صابونی، ابن غیلان، ابو منصور بن سواق، علی بن احمد فالی وغیرہ ان کے مشہور اساتذہ ہیں۔مشہور فصیح واعظ اور امام شافعی کے مسلک کے عارف گزرے ہیں۔494ھ میں فوت ہوئے۔ ان کی مشہور تصانیف "البرهان فی مشكلات القرآن،لوامع انوار القلوب،جوامع اسرار المحب والمحبوب،ديوان الانس وغیرہ ہیں۔(الذهبي،محمد بن أحمد بن عثمان، سير أعلام النبلاء،الطبعة التاسعة(بيروت: مؤسسة الرسالة،1993ء) 174،19)

[2] الزركشي،محمد بن عبد الله،البرهان في علوم القرآن،الطبعة الأولى (رياض: دار إحياء الكتب، 1957ء)، ج1،ص273

[3] زرکشی، محمد بن بہادر بن عبداللہ، زرکشی، مصری، بدرالدین، ترکی الاصل ہیں۔ آٹھویں صدی کے مفسر، محدث اور فقیہ تھے۔745ھ کو پیدا ہوئے۔ کئی مفید کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں سے چند یہ ہیں: البربان فی علوم القرآن، إعلام الساجد بأحكام المساجد، اللآبی المنتثرة فی الاحادیث المشتہرة۔ آپ 40سال کی عمر میں 794ھ کو قاہرہ میں وفات ہوئے۔[ابن حجر عسقلانی ،الدرر الكامنة في أعيان المأة الثامنة،(بیروت: دارالجیل،1993ء)،397:3]

[4] الزركشي،محمد بن عبد الله،البرهان في علوم القرآن،1،273

[5] الزخرف،1:43

[6] الواقعہ،88:56

[7] التوبہ،6:9

[8] النساء،174:4

[9] لقمان،3:31

[10] انبیاء،106:17

[11] یونس،58::10

[12] الفرقان،1:25

[13] الاسراء،82:17

[14] یونس،57:10

[15] الانبیاء،50:21

[16] الواقعہ،77:56

[17] الزخرف،4:43

[18] القمر،5:54

[19] یونس،1:10

[20] المائدہ،48:5

[21] ص،29:38

[22] آل عمران،103:3

[23] الانعام،103:6

[24] الکھف،1،2:18

[25] الطارق،13:86

[26] النبا،1،2:78

[27] الزمر،23:39

[28] الشعراء،192:26

[29] الشوریٰ،52:42

[30] الانبیاء،45:21

[31] الحجر،87:15

[32] یوسف،12-:2

[33] القصص،51:28

[34] الجاثیہ،20:45

[35] آل عمران،138:3

[36] الرعد،37:13

[37] آل عمران، 62:3

[38] الاسراء، 9:17

[39] الجن، 1،2:72

[40] المدثر، 74:54

[41] البقرۃ، 206:2

[42] الزمر، 39:23

[43] الزمر، 33:39

[44] الانعام، 115:6

[45] آل عمران، 193:3

[46] الطلاق، 5:65

[47] البقرہ، 97:2

[48] البروج، 21:85

[49] الانبیاء، 105:21

[50] یوسف، 1:12

[51] فصلت، 4:41

[52] فصلت، 4:41

[53] فصلت، 41:41

[54] الفرقان، 1:25

[55] یوسف، 2:12

[56] عبس، 14،13:80

[57] عبس، 14،13:80

[58] عبس، 14،13:80

[59] عبس، 14،13:80

[60] پورانام علامہ فخر الدین ابوعبداللہ محمد بن عمر بن الحسینی تھا۔ رے ایران میں 544ھ میں پیدا ہوئے۔ جہاں آپ کے والد ضیاء الدین عمر خطیب تھے۔ اس لیے آپ ابن الخطیب بھی کہلاتے ہیں۔ شافعی اور اشعری عقیدہ رکھتے تھے۔ خوارزم میں معتزلہ عقائد کے خلاف تبلیغ کے لیے گئے لیکن وہاں سے بخارا اور سمرقند جانے پر مجبور ہوئے۔ علم الکلام میں مشہور تصنیف اساس التقدیس ہے۔ دوسری

متداول تصنیف کا نام مفاتیح الغیب ہے جو تفسیر کبیر کے نام سے مشہور ہے۔ (الذهبي،محمد بن أحمد بن عثمان، سير أعلام النبلاء،21، 500)

[61] الرازی،محمد بن عمر،مفاتیح الغیب،الطبعة الأولى(بيروت: دار الكتب العلمية،2000ء)، 2،13

[62] ص29:38

[63] البقرہ،185:2

[64] الفرقان،1:25

[65] الحجر،9:15

[66] الشعراء،192:26

[67] الزمر،23:39

[68] یونس،57:10

[69] الرعد۔37:13

[70] الاسراء،82:17

[71] البقرہ،2:2

[72] الانعام،152:6

[73] آل عمران،103:3

[74] الاسراء،88:17

[75] الشوری،52:42

[76] یوسف،3:12

[77] آل عمران،138:3

[78] الاعراف،203:7

[79] الطارق،13:86

[80] الواقعہ،75:56

[81] الزمر،23:39

[82] الضحیٰ،11:93

[83] النساء،174:4

[84] فصلت،4:41

[85] الکہف،2:18

[86] المائدہ،48:5

87 الاسراء،9:17

88 الاعراف،157:7

89 الحاقہ،5:69

90 فصلت،41:41

91 الواقعہ،77:56

92 الحجر،87:15

93 الانبیاء،50:21

94 محمود بن عبد اللہ حسینی، آلوسی، شہاب الدین، ابو الثناء۔ جزیرہ آلوس کی طرف نسبت کی وجہ سے آلوسی کہلائے۔ مفسر، محدّث، ادیب اور مجدد وقت تھے۔1217ھ کو بغداد میں پیدا ہوئے۔ سلفی العقیدہ اور مجتہد تھے۔ تحصیلِ علم کے لیے بہت اسفار کیے۔ آپ کی چند تصانیف یہ ہیں: روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی، غرائب الاغتراب، مقامات فی التصوف والاخلاق۔ 1270ھ کو بغداد میں وفات پائی۔[نعمان بن محمود آلوسی، جلاء العینین في محاكمة الأحمدين،(مطبعة المدنی،1981ء):57]

95 الألوسي، محمود، روح المعاني، (بيروت: دار إحياء التراث العربي، سن ندارد)، 1،8

96 محمد بن جریر۔ الطبری، متوفی 310ھ، جامع البیان عن تاویل آیي القرآن، طبع المکتبۃ الطارق، 2016، کابل افغانستان، 102:1۔

97 الزرقانی، محمد عبد العظیم، مناہل العرفان فی علوم القرآن، دار الحدیث القاہرہ، 2017، ص13

98 النساء، ۸۲:۴

99 الاسراء، ۸۲:۱۷

100 الاسراء، ۹:۱۷

101 ابن جریر طبری، محمد بن جریر بن یزید طبری، ابو جعفر۔ آپ مؤرخ، مفسّر اور امام تھے۔ آمل طبرستان میں 224ھ کو پیدا ہوئے۔ بغداد میں سکونت اختیار کی۔ آپ کی تصانیف یہ ہیں: اخبار الرسل والملوک (تاریخ طبری)، جامع البیان فی تفسیر القرآن (تفسیر طبری)، اختلاف الفقہاء۔ بغداد میں 310ھ کو وفات پائی۔[ابن جزری، غاية النهاية في طبقات القراء، 106:2]

102 ابن عباسؓ: آپ عبد اللہ بن عباسؓ بن عبد المطلب ہیں۔ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی اور صحابی ہیں۔ ہجرت سے تین سال پہلے 619م کو مکہ میں پیدا ہوئے۔ ترجمان القرآن کے لقب سے نوازے گئے ہیں۔ طائف میں 28ھ /687م میں وفات پائی۔(ابن الاثیر، ابو الحسن علی بن محمد، اُسد الغابہ، تحقیق: عادل احمد الرفاعی، دار احیاء التراث العربی، بیروت 1417ھ / 1996م، 3،295؛ ابن عبد البر، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، 1،284)

103 سورۃ القیامۃ:17:75

104 فأما "القرآن"، فإن المفسرين اختلفوا في تأويله. والواجبُ أن يكون تأويله على قول ابن عباس: من التلاوة والقراءة، وأن يكون مصدرًا من قول القائل: قرأت، كقولك "الخُسران" من "خَسِرت"، و "الغُفْران" من "غفر

الله لك"، و "الكُفران" من "كفرتُك"، "والفرقان" من "فَرَق الله بين الحق والباطل" (الطبري،محمد بن جرير،جامع البيان في تأويل القرآن)، 1 ،95)

[105] زجاجؒ: آپ کا پورا نام ابراہیم بن السری بن سہل، ابو اسحاق الزجاج ہے۔ نحو اور لغت کے عالم تھے۔ بغداد میں 241ھ / 855م کو پیدا ہوئے۔ اور 311ھ / 923م کو وفات پائی۔ امام مبرد کے تلمیذ راشد ہیں۔(ابن خلکان، ابو العباس شمس الدین احمد بن محمد بن ابراہیم ، وفیات الأعیان و أنباء أبناء الزمان، تحقیق احسان عباس، دار صادر بیروت ، 1900م،ج 1 ،ص 49؛الزرکلی ،الاعلام،ج1،ص40)

[106] آپ کا پورا نام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع ہاشمی قرشی ،ابو عبد اللہ ہے۔ 150ھ / 767ء کو غزہ فلسطین میں پیدا ہوئے۔ مذہب شافعی کے امام اور حدیث وفقہ میں سند و دلیل وبرہان اور مجدد عصر تھے۔ دو سال کی عمر میں مکہ معظمہ گئے۔ آپ شعر ،لغت، ایام عرب فقہ ،اور حدیث کے بہت بڑے عالم تھے۔ نہایت ذہین اور حاضر جواب تھے۔ پہلا فتویٰ بیس سال میں دیا۔ الرسالۃ اور کتاب الام معروف اور مفید ترین تصانیف ہیں۔204ھ / 820ء کو مصر میں وفات پائی۔(الذھبی، ابو عبد اللہ بن احمد، تذکرۃ الحفاظ، مکتبۃ التوفیق مصر،1347ھ / 1928ء،ج1،ص361؛الزرکلی،الاعلام،ج6،ص26)

[107] پورا نام علی بن اسماعیل بن اسحاق ابو الحسن الاشعری ہے۔260ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے۔ پہلے معتزلی تھے اور ابو علی الجبائی کے خاص شاگرد تھے۔ مسلسل تین بار نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا:'' ياعلي! انصرالمذاهب المروية عني فانهاالحق''۔ نیند سے بیدار ہوئے تو عقائد اہل سنت پر شرح صدر ہو چکا تھا۔ جامع مسجد میں جا کر توبہ کا اعلان کیا اور پھر اہل السنۃ والجماعۃ کے امام قرار پائے۔ ۳۲۴ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ امامۃ الصدیق، الرد علی المجسمۃ، مقالات الاسلامیین وغیرہ مشہور کتابیں ہیں۔(الزرکلی ،خیر الدین (م۔۱۹۷۶ء)،الاعلام للزرکلی ، ابو الحسن الاشعری: ۴/۲۶۳، بیروت:دار العلم للملائین، الطبعۃ الخامسۃ، ۱۹۸۰ء، کشف الباری، کتاب الایمان، فرق اسلامیہ:۱/۵۵۹)

[108] آپ کا پورا نام ابو احمد الفراء محمد بن عبد الوہاب بن حبیب النیشاپوری ہیں۔ آپ کے شیوخ میں حفصؒ بن عبد الرحمن، حسین بن الولید ،اصمعی اور احمد بن حنبل شامل ہیں جب کہ شاگردوں میں ابراہیم بن ابی طالب، ابن حزیمہ اور امام نسائی شامل ہیں۔ فقہ، حدیث اور عربی میں فتویٰ دیتے تھے۔272ھ کو وفات پائی۔ الذہبی، سیر اعلام النبلاء،24،113

[109] زركشي، بدر الدين، ابو عبدالله، محمد بن عبدالله، البرهان في علوم القرآن، 1: 278

[110] الفرقان:1:25

[111] البقرہ:185:2

[112] آل عمران:3:4

[113] الحجر:9:15

[114] الزمر:41:41

[115] النحل:44:16

[116] ص:1:38

[117] الزخرف:44:43

[118] البقرۃ:2:2

[119] العنکبوت:47:29

[120] آل عمران:7:3

[121] الزمر:1:39

[122] محمد بن مکرم بن منظور،لسان العرب،الطبعة الأولى(بيروت:دار صادر،سن ندارد)، ج1، ص698

[123] لوح محفوظ یعنی اللہ کی وہ کتاب جس کے اندر تمام مخلوق کی تقدیریں لکھی ہوئی ہیں۔لوح محفوظ سفید موتی کی طرح ہے،اس کا طول اِتنا ہے جتنا زمین سے آسمان اور عرض اِتنا ہے جیسے مشرق سے مغرب،اس کے دونوں کنارے موتی اور یاقوت کے ہیں اور (اوّل و آخر کے) دونوں پٹھے یاقوت سرخ کے،اس کا قلم نُور کا اور تحریر نُور کی ہے،وہ عرش سے وابستہ ہے،اس کی جڑ ایک فرشتے کی گود میں ہے۔ مقاتل نے کہا:لوح محفوظ عرش کے دائیں طرف ہے۔ (البغوي،الحسين بن مسعود،معالم التنزيل،الطبعة الرابعة(المدينة المنورة: دار طيبة،1997ء) 4،326)

[124] السجدۃ:12:32

[125] الزمر:1:39

[126] غافر:2:40